| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظِ قرآن مجید (سُوْرَةُ النَّصْرِ) |

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سُوْرَةُ النَّصْرِ درست تلفّظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

## طریقہ تدریس: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سورت کا نام لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں سُوْرَةُ النَّصْرِ مدنی سورت ہے اس کی تین آیات ہیں یہ سورت قرآن مجید کے تیسویں پارے میں ہے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- قرآن مجید کا مختصر تعارف دیں۔ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا پاک کلام ہے۔ قرآن مجید کا ایک حرف پڑھنے پر دس نیکیاں ملتی ہیں۔
- طلبہ کو قرآن مجید کی تلاوت کے آداب کی دہرائی کروائیں اور انھیں ہدایت دیں کہ خاموشی اور توجّہ سے سُوْرَةُ النَّصْرِ کی تلاوت سنیں۔ استاد صاحب سُوْرَةُ النَّصْرِ درست تلفّظ کے ساتھ تلاوت کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ابھی آپ نے سُوْرَةُ النَّصْرِ کی تلاوت سنی۔ اب ہم اسے مل کر پڑھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ کتاب سے سُوْرَةُ النَّصْرِ کے عنوان پر انگلی رکھتے ہوئے طلبہ کو عنوان پڑھ کر سنائیں۔
- طلبہ کو بتائیں سُوْرَةُ النَّصْرِ کی تین آیات ہیں آج ہم پہلی دو آیات کی تلاوت سیکھیں گے اور زبانی یاد کریں گے۔

- طلبہ کو آیت کا نشان دکھائیں انھیں بتائیں جس جملے کے بعد یہ نشان ہو گا وہ ایک آیت کہلائے گی۔
- طلبہ کو تعوّذ، تسمیہ ایک بار پھر پڑھائیں۔ سُوْرَةُ النَّصْرِ کی پہلی دو آیات

(اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۙ﴿۱﴾ وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۙ﴿۲﴾)

درست تلفّظ سے طلبہ کو پڑھائیں۔ ہر لفظ کو اعراب کا خیال رکھتے ہوئے اور ٹھہر ٹھہر کر ادا کروائیں۔

- طلبہ کو آیات زبانی یاد کروائیں۔ طلبہ کو بتائیں ہر لفظ کی ادائی کا خاص خیال رکھنا بہت ضروری ہے ورنہ معانی بدلنے کا احتمال ہوتا ہے اور ثواب کی بجائے گناہ ہو گا۔
- طلبہ کو سورت کی پہلی دو آیات کی پانچ سے سات بار مشق کروائیں اور زبانی یاد کروائیں۔

**اعادہ: 2منٹ**

طلبہ کو سُوْرَةُ النَّصْرِ کی پہلی دو آیات کتاب سے دیکھ کر تلاوت کروائیں۔

**جائزہ: 6منٹ**

طلبہ سے پہلی دو آیات زبانی سنیں۔ اچھی قرأت کے ساتھ سنانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور جن طلبہ کو پڑھنے میں دشواری ہو ان کو صحیح کر کے پڑھائیں۔

**گھر کا کام: 2منٹ**

سُوْرَةُ النَّصْرِ کی پہلی دو آیات دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ: 10منٹ**

کمرا جماعت میں ایسے طلبہ کا انتخاب کریں جو خوش الحانی سے تلاوت کر سکیں۔ اُن سے کمرا جماعت میں کسی سورت کی قرأت کروائیں۔

| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| بابِ اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظِ قرآن مجید (سُوْرَةُ النَّصْرِ) |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سُوْرَةُ النَّصْرِ درست تلفّظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سُوْرَةُ النَّصْرِ کا نام لکھیں۔ طلبہ کو سُوْرَةُ النَّصْرِ کا شانِ نزول بتائیں۔ کہ یہ سورت فتح مکّہ کے وقت نازل ہوئی یہ وہ ساعت ہے کہ چند سال پہلے جو ہستی یہاں سے ہجرت کرنے پر مجبور ہوئی تھی آج وہ دس ہزار کے لشکر کے ساتھ مکّہ میں داخل ہو رہی ہے۔ حضرت جبریل علیہ السلام بارگاہ رسالت میں اس سورت کو لے کر حاضر ہوتے ہیں اور فتح اور کامرانی کی تقریب کا الٰہی منشور پیش کرتے ہیں۔

طلبہ کو بتائیں کہ جب ہمیں کامیابی حاصل ہو تو اس پر غرور نہیں کرنا چاہیے کیونکہ غرور اور تکبر اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں بلکہ ہمیں ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرتے رہنا چاہیے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- قرآن مجید کا مختصر تعارف دیں۔ قرآن مجید کی تلاوت کے آداب کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ سے سُوْرَةُ النَّصْرِ کی پہلی دو آیات زبانی سنیں۔ دُرست سبق سنانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 4 کھولنے کی ہدایت دیں۔

- طلبہ کو بتائیں آپ نے پہلی دو آیات کو زبانی یاد کر لیا ہے۔ آج ہم تیسری آیت کی تلاوت کرنا سیکھیں گے اور زبانی یاد کریں گے۔
- طلبہ کو سُوْرَةُ النَّصْرِ کی آخری آیت (فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝۳) زبانی یاد کروائیں۔ آیت کو ایک بار خود درست تلفّظ سے تلاوت کریں۔ ہر لفظ کی ادائی پر زور دیں اور ٹھہر ٹھہر کر ادا کریں۔
- طلبہ کو ہدایت دیں ہر حرف کی حرکت کی ادائی پر خاص توجّہ دیں۔ باری باری تمام طلبہ سے آخری آیت کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ سے پوری سورت کی پڑھائی پانچ سے سات بار کروائیں اور زبانی یاد کروائیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

طلبہ کو سُوْرَةُ النَّصْرِ کی تلاوت کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے سُوْرَةُ النَّصْرِ زبانی سنیں۔ اچھی قرأت کے ساتھ سنانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

سُوْرَةُ النَّصْرِ دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **10منٹ**

کمرا جماعت میں ایسے طلبہ کا انتخاب کریں جو خوش الحانی سے تلاوت کر سکیں۔ اُن سے کمرا جماعت میں کسی سورت کی قرأت کروائیں۔

| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب دوم: ایمانیات و عبادات (ب) عبادات | سبق کا نام: اذان |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- یہ جان سکیں کہ اذان اسلامی شعائر میں سے ہے۔
- اذان کی فضیلت و آداب سے واقف ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ۔ فلیش کارڈز

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان تحریر کریں اور اذان کا چارٹ چسپاں کریں۔ طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ اذان کے کلمات ایک ساتھ درست تلفّظ میں بآوازِ بلند پڑھیں۔ طلبہ کو بتائیں اذان اسلامی شعائر میں سے ہے۔ اسلامی شعائر سے مراد اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایسی علامات یا نشانیاں ہیں جو ہمیں اللہ تعالیٰ کے موجود ہونے کا احساس دلاتی ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 17 کھولنے کی ہدایت دیں۔
- متن ''اسلامی شعائر کا تعارف'' اور ''اذان کا تعارف'' پڑھوائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو اسلامی شعائر جیسے اذان، نماز، روزہ، خانہ کعبہ، زکوٰۃ، حج کے فلیش کارڈز دکھائیں۔
- طلبہ کو اذان کا مختصر تعارف دیں۔
- طلبہ کو بتائیں اذان عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی ہیں ''اطلاع دینا'' یا ''اعلان کرنا''۔
- انھیں بتائیں کہ اسلام کی اہم ترین عبادت نماز ہے۔ جس کے اعلان کے لیے دن میں پانچ بار اذان دی جاتی ہے۔

- طلبہ کو اذان کے پس منظر کے بارے میں بتائیں۔ سیدنا عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مسلمان جب مدینہ آئے تو وقت کا اندازہ کر کے جمع ہو کر نماز پڑھ لیا کرتے تھے لیکن جب مسلمانوں کی تعداد بڑھی تو انھوں نے مشورہ کیا کہ اطلاع نماز کے لیے مسیحیوں کی طرح ناقوس بجالیا کریں یا یہودیوں کی طرح نرسنگا بجالیا کریں تو سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مشورہ دیا کہ ایک آدمی کو مقرّر کر دیا جائے جو لوگوں کو نماز کے لیے مطلع کرے اس پر، حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّم نے فرمایا کہ اے بلال! اٹھو اور نماز کے لیے اعلان کرو۔ (صحیح بخاری)
- طلبہ کو بتائیں نماز کا وقت ہونے پر عربی کے مخصوص کلمات کو بآواز بلند پڑھنا، اذان ہے۔ اس کے ذریعے سے لوگوں کو اس بات کی اطلاع دی جاتی ہے کہ اب نماز کا وقت ہو گیا ہے سب لوگ تیاری کر کے مسجد میں باجماعت نماز پڑھنے کے لیے آئیں۔
- طلبہ کو بتائیں اگر ہم اذان کے کلمات پر غور کریں تو یہ ایسے جامع کلمات ہیں جو دینِ اسلام کے بنیادی اصولوں کی تعلیم اور دعوت اپنے اندر سمیٹے ہوئے ہیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5 منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| مائل | ما۔ئِل | متوجّہ |
| مخصوص | مَخ۔صُوص | خاص کیا گیا |
| قبلہ | قب۔لَہ | کعبہ |
| رُخ | رُ۔خ | طرف |

**اعادہ:** **2 منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6 منٹ**

مشق جزو (1) کے پہلے دو سوالات طلبہ سے پوچھیں اور انھیں جواب کاپیوں پر لکھنے کی ہدایت دیں۔

**گھر کا کام:** **2 منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

سرگرمی برائے طلبہ:　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　5منٹ

⇐ اذان کے کلمات اپنے استاد سے سیکھیں اور کمرا جماعت میں سب کو سنائیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: اسلامیات | سبق: اذان |
|---|---|---|

سوال 1: اسلامی شعائر سے کیا مراد ہے؟

______________________________

______________________________

سوال 2: اسلامی شعائر کون کون سے ہیں؟ نام لکھیں۔

______________________________

______________________________